بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

Bihar State Madrasa Education Board

Apex Tower,Haroon Nagar Sector-2, Phulwari Sharif, Patna

وسطانیہ،فوقانیہ ومولوی امتحانات 2024 کے پرائیویٹ پرمیشن اور رجسٹریشن مع امتحان فارم کی تاریخ میں توسیع: کنٹرولر آف اکزامنیشن

پٹنہ مورخہ 11 اکتوبر 2023ء

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے بحکم چیئر مین جناب سلیم پرویز صاحب طلبا وطالبات وگارجین حضرات کو اطلاع دی ہے کہ درجہ وسطانیہ فوقانیہ اور مولوی امتحانات 2024 کیلئے پرائیویٹ پرمیشن حاصل کرنے کی تاریخ میں 24 اکتوبر تک توسیع کی گئی ہے، ساتھ ہی رجسٹریشن فارم مع امتحان فارم (وسطانیہ کیلئے) کی تاریخ میں بھی توسیع کرتے ہوئے 25 اکتوبر 2023 مقرر کی گئی ہے۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام نے تمام متعلقین، طلبا وطالبات وگارجین حضرات کو مطلع کیا ہے کہ جنہوں نے ابھی تک رجسٹریشن نہیں کرایا ہے وہ جلد از جلد اپنا رجسٹریشن مقررہ تاریخ 25 اکتوبر تک لازمی طور پر کرلیں۔ رجسٹریشن کا لنک ویب سائٹ پر موجود ہے۔ وہیں درجہ وسطانیہ ایویلیوشن 2024 میں شامل ہونے والے طلباء وطالبات کو بھی ہدایت دی جاتی ہے کہ متعینہ تاریخ مورخہ۔25 اکتوبر تک رجسٹریشن مع امتحان (ایویلیوشن) فارم پر کرنا لازمی طور پر یقینی بنائیں۔ مزید تاریخ کی توسیع کی گنجائش نہیں ہے۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام نے بتایا ہے کہ جناب سلیم پرویز چیئر مین مدرسہ بورڈ نے خصوصی طور پر متعلقین کی گذارشات پر پرائیویٹ پرمیشن کی تاریخ میں توسیع کی ہے لیکن اس امر کی بھی ہدایت دی ہے کہ آئندہ کسی بھی صورت میں تاریخ میں توسیع نہیں کی جائے گی۔

11.10.2023

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ